Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

# لاعلاج بیماری میں مبتلا بچوں کے لیے معذوری کی امداد

چائلڈ ڈس ایبلٹی پیمنٹ یعنی بچوں کی معذوری کی ادائیگی کسی کو مالی مدد فراہم کرے گی اگر وہ 16 سال سے کم عمر کے بچے کی دیکھ بھال کر رہا ہے جس کی کسی لاعلاج بیماری میں مبتلا ہونے کی تشخیص ہوئی ہے۔ یہ بینفٹ یعنی مالی مدد اس بات سے قطع نظر دستیاب ہے کہ ان کے بچے کی تشخیص کو کتنا عرصہ گزر چکا ہے اور ان کی زندگی کی متوقع مدت کیا ہے۔

چائلڈ ڈس ایبلٹی پیمنٹ 2 حصوں پر مشتمل ہے: ایک دیکھ بھال کا حصہ اور ایک موبیلٹی یعنی نقل و حرکت کا حصہ۔

چائلڈ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کا نقل و حرکت کا حصہ صرف 3 سال اور اس سے زیادہ عمر کے بچوں کے لیے دستیاب ہے۔

**درخواست دینے کا طریقہ**

ہمیں جن چیزوں کی ضرورت ہے:

- چائلڈ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کا ایک مختصر درخواست فارم جو صرف بنیادی معلومات کا پوچھتا ہے
- بچے کی لاعلاج بیماری کی تشخیص کی تصدیق ایک رجسٹرڈ ڈاکٹر یا نرس کی طرف سے درکار ہے جو ان کی دیکھ بھال یا تشخیص میں شامل ہو۔

ڈاکٹر یا نرس کو جو فارم مکمل کرکے ہمیں واپس بھیجنا چاہیے وہ ہے سکاٹ لینڈ میں خصوصی قواعد کے تحت بینیفٹس کی تشخیص(BASRiS) فارم تاکہ وہ ہمیں بچے کی لاعلاج بیماری کے بارے میں بتا سکیں۔ اس سے ہمیں درخواست پر تیزی سے کام کرنے کا موقع ملتا ہے۔ کوئی شخص اپنے ڈاکٹر یا نرس سے یہ فارم ہمیں بھیجنے کے لیے کہہ سکتا ہے، یا وہ ہم سے درخواست کر سکتا ہے کہ ہم ان کی جانب سے ان کے ڈاکٹر یا نرس سے یہ فارم منگوائیں۔

اگر ان کے ڈاکٹر یا نرس نے پہلے ہی DS1500 فارم یا SR1 فارم مکمل کر لیا ہو، تو سوشل سکیورٹی اسکاٹ لینڈ اسے قبول کرے گا۔

**جب ہمیں درخواست موصول ہوتی ہے**

اگر بچہ خصوصی قواعد کے تحت اہل ہو:

- انہیں خود بخود دیکھ بھال کی اعلی ترین ادائیگی مل جائے گی
- اگر بچے کی عمر 3 سال یا اس سے زیادہ ہو تو انھیں خودبخود موبیلٹی کی اعلیٰ ترین شرح مل جائے گی
- ان کے بینیفٹ کی ادائیگی بغیر کسی جائزے کے جاری رہے گی ، جب تک کہ حالات میں کوئی تبدیلی نہ ہو
- ان کے بینیفٹ کی ادائیگی کا حساب اس وقت سے لگایا جائے گا جس دن ہمیں آپ کی درخواست موصول ہوتی ہے یا جس تاریخ کو لاعلاج بیماری کی تشخیص ہوئی تھی، ان میں سے جو بھی تاریخ پہلے ہو۔ بینیفٹ کی ادائیگی کو لاعلاج بیماری کی تشخیص کی تاریخ تک پیچھے کی تاریخ دی جا سکتی ہے، جو درخواست کی تاریخ سے 26 ہفتے پہلے تک ہو سکتی ہے۔

**اس کے لیے کتنا وقت درکا ہو گا؟**

درخواست پرہمارے خصوصی تربیت یافتہ عملے کے ذریعے تیزی سے کاروائی کی جائے گی اور اس کو نمٹا دیا جائے گا۔ ہم اپنے فیصلے کے ساتھ ایک خط بھیجیں گے۔

### تشخیص کے بارے میں دوسری رائے حاصل کرنا

کوئی شخص اگر سمجھے کہ اسے ضرورت ہے تو وہ دوسرا مشورہ حاصل کر سکتا ہے۔ مریضوں کے حقوق اور ذمہ داریوں کے منشور کے بارے میں مزید جاننے کے لیے یہاں جائیں: **gov.scot/patientcharter**

### کیا کوئی کسی متعلقہ بینفٹس یعنی مالی وظائف کے لیے درخواست دے سکتا ہے؟

وہ متعلقہ بینفٹس، خدمات اور پریمیم کے لیے بھی اہل ہو سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں **mygov.scot/benefits**

### اگر کسی بچے کو بعد میں لاعلاج بیماری کی تشخیص ہو

اگر کوئی بچہ پہلے سے چائلڈ ڈس ایبلٹی پیمنٹ حاصل کر رہا ہو اور بعد میں اسے لاعلاج بیماری کی تشخیص ہو جائے، تو براہ کرم سوشل سکیورٹی اسکاٹ لینڈ سے مفت نمبر 0800 182 2222 پر رابطہ کریں۔ ہمارے ماہر مشیر کسی شخص کو اس عمل سے ان کی اپنی رفتار سے گزرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔

### کوئی کیسے مزید جان سکتا ہے اور درخواست دے سکتا ہے؟

وہ **mygov.scot/benefits** پر مزید جان سکتے ہیں اور آن لائن درخواست دے سکتے ہیں. وہ ذاتی طور پر، فون پر بھی درخواست دے سکتے ہیں یا ہمیں **.2222 182 0800** پر مفت کال کرکے ڈاک کے ذریعے کاغذی درخواست فارم طلب کرسکتے ہیں۔

### کیا آپ کو وکیل کی مدد کی ضرورت ہے؟

سوشل سکیورٹی سکاٹ لینڈ کے بینفٹس یعنی مالی وظائف کے لیے درخواست دیتے وقت VoiceAbility انڈیپنڈنٹ ایڈووکیسی سروس معذور افراد کی مدد کرتی ہے۔ وائس ایبلٹی سے مفت میں **0300 303 1660** پر رابطہ کریں یا ملاحظہ کیرں **www.voiceability.org**

### لوگ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟

ہمیں اس نمبر پر مفت کال کریں: 0800 182 2222

ٹیکسٹ ریلے سروس: (ان کے لیےجنہیں سماعت کا مسئلہ ہو) 18001 +0300 244 4000

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

ویب چیٹ: chat.socialsecurity.gov.scot

سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کو فالو کریں